## سوال

(209) جادو یا بدنظری سے متاثرہ پر قرآن سے دم کرنا جبکہ وہ حائضہ ہو؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کوئی عورت بیمار ہو، اس پر بدنظری یا جادو وغیرہ کا اثر ہو تو کیا اس پر قرآن کریم یا دوسری دعاؤں سے دم کیا جا سکتا ہے جبکہ وہ حیض کی حالت میں ہو۔۔ یا کوئی مرد مریض ہو اور وہ جنابت سے ہو۔۔؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قرآن پڑھنے والے کے لیے تو یہ شرط ہے کہ حدث اکبر سے پاک ہو (یعنی ایسی حالت سے پاک ہو جس میں اس پر غسل لازم ہوتا ہے) جیسے کہ جنابت ہے یا حیض وغیرہ اور مریض کے لیے بھی بہتر یہی ہے کہ وہ بھی پاک ہو۔ لیکن اگر عورت کو حیض کا عارضہ ہو یا ان دونوں میں وہ کسی ایسی صورت حال سے دوچار ہو تو ضرورت کے پیش نظر اس پر قرآن پڑھا جا سکتا ہے اور وہ سبب کوئی بھی ہو سکتا ہے، جن ہو یا جادو یا بدنظری وغیرہ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

## صفحہ نمبر 213

## محدث فتویٰ